


مدیر: مظفر احمد

نائب مدیر: محمد اعظم شاکر

ادارت: کامران چنہ ۔ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی

میڈیا کوآرڈینیٹر : ناردرن ریجن راجہ احسان الحق

نمائندہ سینٹرل ریجن: عبدالحفیظ انجم

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف
بلڈنگ نمبر9، ڈاکٹر ضیاءالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: (021) 9202819

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ



## فرمانِ الٰہی



کیا انسان دیکھتا نہیں ہے کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا اور پھر وہ صریح جھگڑالو بن کر کھڑا ہو گیا؟ اب وہ ہم پر مثالیں چسپاں کرتا ہے اور اپنی پیدائش کو بھول جاتا ہے۔ کہتا ہے کہ ''کون ان ہڈیوں کو زندہ کرے گا جب کہ یہ بوسیدہ ہو چکی ہوں؟'' اس سے کہو، انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے پہلے انہیں پیدا کیا تھا اور وہ تخلیق کا ہر کام جانتا ہے۔


(سورۂ یٰسین۔ آیت 77 تا 79)

## فرمان رسولؐ



حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''تم جانتے ہو مفلس کون ہے؟'' انہوں نے کہا ''ہم مفلس اس شخص کو کہتے ہیں جس کے پاس کوئی درہم و دینار نہ ہو اور نہ ہی کوئی سامان ہو۔'' فرمایا ''میری امت میں مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ لے کر آئے گا اور وہ ایسی حالت میں آئے گا کہ کسی کو گالی دی ہے، کسی پر تہمت لگائی ہے، کسی کا مال کھا گیا ہے، کسی کو قتل کیا ہے، کسی کو مارا ہے۔ ان کو اس کی نیکیاں دے دی جائیں گی۔ اگر اس کے ذمہ جو حق ہیں پورا ہونے سے پہلے اس کی نیکیاں ختم ہو گئیں تو ان کے گناہ لے کر اس پر ڈال دیئے جائیں گے پھر اس کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ (مسلم)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوش حال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی پوری توجہ لوگوں اور بالخصوص غریب طبقے کی فلاح و بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی۔

(خطبہ صدارت دستور ساز اسمبلی 1947ء)

## فرمودۂ اقبال



یقیں ، مثل خلیل آتش نشینی
یقیں ، اللہ مستی، خود گزینی
سن ، اے تہذیب حاضر کے گرفتار
غلامی سے بتر ہے بے یقینی (بال جبریل)

نقطۂ نظر

# ہم ...... جو عہد نبھاتے ہیں

کبھی کبھی دھند چھا جاتی ہے سوچ و فکر پر۔
ملگجی روشنی میں کچھ نظر نہیں آتا۔
سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت کمزور پڑ جاتی ہے۔
یاسیت کا کہر سرتاپا اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ روشن صبح کی امید بھی ماند پڑ جاتی ہے۔
یوں لگتا ہے جیسے ہم کسی ضخیم کتاب کے آخری باب کے اختتامی صفحات پڑھ رہے ہیں۔
ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اور کب ہوتا ہے؟
جب منزل مراد دور ہونے لگتی ہے۔
جب سچائی، لگن اور وفاداری کی روش کی اہمیت ختم ہونے لگتی ہے۔
جب علم، صلاحیت اور سعادت مندی کو ناقابل اعتنا سمجھا جانے لگتا ہے۔
جب جھوٹ، مکاری، عیاری اور دھونس اعلیٰ خدمات کے تمغے بننے لگتے ہیں۔
جب عہد توڑنے والوں کی تعداد بڑھنے لگتی ہے۔
جب بے وفائی، وفا کرنے والوں کا منہ چڑانے لگتی ہے۔
جب بدعہدی کو وقت کا تقاضا سمجھا جانے لگتا ہے۔
واقعی یوں ملگجی روشنی میں کچھ نظر نہیں آتا۔
باری تعالیٰ ہماری مشکلیں آسان کرے۔ ہمیں آسانیاں نصیب کرے۔
ہم جو عہد نبھاتے ہیں۔ سچ کا عہد، لگن کا عہد، وفا نبھانے کا عہد۔


ایڈیٹر
muz3267@yahoo.com

# سدرن ریجن کے مسائل کے حل کی یقین دہانی

## ریجنل کانفرنس کے شرکاء سے محترمہ نرگس گھلو کا خطاب

رپورٹ......سید حسن رضا (اے جی ایم)



سدرن ریجن کی پہلی زونل ہیڈز سیکٹر ہیڈز کانفرنس 2008 فروری 2008ء کو شیرٹن ہوٹل میں منعقد ہوئی اس کانفرنس کا اہتمام سدرن ریجن کی طرف سے کیا گیا تھا۔

کانفرنس کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا اور قاضی جاوید نے یہ سعادت حاصل کی جبکہ جناب سلطان مسعود نقی نے کانفرنس کی نظامت کے فرائض ادا کیے۔

اس موقع پر ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد کو گلدستے پیش کرکے کانفرنس میں خوش آمدید کہا۔

ریجنل چیف سدرن محمد احمد امجد نے اپنے خطاب میں 2007ء کی کارکردگی اور بزنس میں درپیش مسائل کا تفصیلی ذکر کیا اور کہا کہ 2007ء ان کے 25 سالہ کیریئر کا مشکل ترین سال تھا لیکن خوش آئند بات یہ ہے کہ 2008ء کا آغاز تاریخی ہے اور آج تک پالیسیوں کی تعداد میں 132% اضافہ ہے اور پریمیئم سال اول کی مد میں اضافہ تقریباً 120 فیصد ہے اور جنوری 2008ء کی سیکنڈ ایئر پرسسٹینسی بھی 180 فیصد سے زائد ہے یہ بات اس طرف اشارہ کرتی ہے کہ محترمہ بےنظیر بھٹو کی شہادت کی وجہ سے جو مسائل ملک میں پیدا ہوئے وہ کاروبار پر کس طرح اثر انداز ہوئے ہیں۔

اس موقع پر ٹاپ 3 زونل ہیڈز کو ٹرافی پیش کی گئی۔ جس میں لاڑکانہ کے در محمد بالادی، میرپورخاص زون کے جناب عبدالستار ابڑو اور کوئٹہ زون کے جناب کنہیا لال شاہین نے یہ ٹرافیاں حاصل کیں۔ سیکٹر ہیڈز نے بھی 2007ء کی بنیاد پر جناب غلام رسول ابڑو، جناب قاضی جاوید، جناب غلام قادر بالادی اور جناب خلیل اشرف نے یہ ٹرافیاں حاصل کیں۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے کہا کہ 2007ء کے نامساعد حالات کے باوجود سدرن ریجن نے بہت اچھا کام کیا ہے اور 2008ء میں سدرن ریجن ایک تاریخ رقم کرنے جارہا ہے۔

مہمان خصوصی محترمہ نرگس گھلو نے اس کانفرنس کے بہترین انعقاد پر انتہائی خوشی کا اظہار کیا اور سدرن ریجن کے مسائل کے جلد حل کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ آج اس کانفرنس میں آکر مجھے اندازہ ہوا ہے کہ 2008ء میں سدرن ریجن پاکستان کا نمبر ایک ریجن ہوگا۔

آخر میں کانفرنس کے شرکاء نے لنچ کیا اور اس طرح یہ میٹنگ اپنے اختتام کو پہنچی۔




سدرن ریجن کی پہلی زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز کانفرنس کے موقع پر ٹاپ سیکٹر ہیڈز کا ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف محمد احمد امجد کے ساتھ دوسری طرف زونل ہیڈز سدرن ریجن کے ہمراہ گروپ فوٹو

# ناردرن ریجن کی عمدہ کارکردگی پر خراج تحسین

## ناردرن ریجن کی مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کانفرنس 2008ء

رپورٹ......راجہ احسان الحق
میڈیا کوآرڈینیٹر، ناردرن ریجن



اسلام آباد میں منعقدہ مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کانفرنس سے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان خطاب کر رہے ہیں

اسٹیٹ لائف ناردرن ریجن کی 28ویں مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کانفرنس اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد بطور مہمان خصوصی کانفرنس میں شریک ہوئے۔

راجہ رب نواز زونل سربراہ ایبٹ آباد اور قیصر نواز سیکٹر ہیڈ کوٹلی میرپور آزاد کشمیر کو نارتھ ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ہار پہنائے گئے اور مہمان خصوصی کے ساتھ اسٹیج پر بٹھایا گیا۔ زونل سربراہ راولپنڈی زون جناب افتخار احمد بھی بڑے زون میں کامیاب حکمت عملی پر اسٹیج کی رونق بنے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے راجہ رب نواز زونل سربراہ ایبٹ آباد، محمد یوسف فاروقی زونل سربراہ میر پور کو 2007ء کی بہترین کارکردگی پر شیلڈ اور نقد انعامات دیئے۔

تمام زونل سربراہان نے اپنے اپنے زون کی کارکردگی اور آئندہ کی حکمت عملی بیان کی۔ راجہ ظفر علی شان ریجنل چیف نارتھ نے جناب چیئر مین کمال افسر اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کو نارتھ ریجن بالخصوص سوات اور پشاور زون کی کاروباری سرگرمیوں میں دلچسپی لینے اور رہنمائی کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے فیلڈ کارکنان، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کی کارکردگی کی تعریف کی اور بتایا کہ راولپنڈی زون کے پہلی پوزیشن کے حامل سیلز منیجر کا تعلق ہجیرہ سے آگے اس مقام سے ہے جہاں پر برف پوش علاقوں اور بارڈر کے ساتھ پیدل دشوار گزار راستوں پر چل کر ہمارے جیالے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے سوات، ایبٹ آباد، میرپور اور گجرات زون کے سربراہان کو بہترین کارکردگی پر مبارک باد دی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے بھی پشاور زون کے دورہ کی تفصیل بتائی اور ساتھیوں کو بتایا کہ پشاور زون میں پہلی پوزیشن کے حامل ایریا منیجر کا تعلق وزیرستان سے ہے۔ انہوں نے سوات کے زونل ہیڈ محمد سعید کو مثبت نتائج دینے پر خصوصی طور پر مبارک باد دی۔ انہوں نے تمام سیکٹر ہیڈز کا ریویو پیش کیا اور انفرادی طور پر سیکٹر ہیڈز کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات تجویز کیے۔ انہوں نے 2007ء کی کارکردگی کو پچھلے برسوں کے حوالے سے پرکھا اور امید ظاہر کی کہ 2008ء کی پلاننگ میں سہ ماہی بنیاد پر کم از کم 30 فیصد اضافے کے ساتھ اپنا معیار رکھنا ہوگا۔ انہوں نے پرنسپل آفس کی طرف سے



ناردرن ریجن کی مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کانفرنس کے دوران اسٹیج کا منظر (دائیں سے بائیں) جناب رب نواز، جناب افتخار احمد، جناب منظور احمد، راجہ ظفر علی شان، جناب قیصر نواز اور دیگر





کانفرنس کے دوران
زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز
محو سماعت ہیں

# پرُعزم اور کامیاب کارکنان کے لیے اعزازات

## نئی پلاننگ، مقابلے کے رجحانات، نئی بھرتی اور تربیت پر زور

اٹھائے گئے اقدامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی اور امید ظاہر کی کہ 2008ء نارتھ ریجن کے لیے کامیابیوں اور کامرانیوں کا سال ہوگا۔ انہوں نے ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان کو جنوری کے خوبصورت آغاز پر مبارک باد دی۔




راولپنڈی زون میں منعقدہ سیلز ایگزیکٹیوز میٹنگ سے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان، زونل ہیڈ افتخار احمد اور سیکٹر ہیڈ سید اسد علی خطاب کر رہے ہیں



راولپنڈی زون کی تقریب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کو اعلیٰ کارکردگی پر ایوارڈ دے رہے ہیں

### راولپنڈی زون سیلز ایگزیکٹیوز میٹنگ

راولپنڈی زون میں 2007ء کی کلوزنگ کے ساتھ ہی زونل سربراہ جناب افتخار احمد نے سیلز منیجرز کے لیے ماہ جنوری میں مقابلہ کا اعلان کیا۔ جس میں تقریباً تمام سیلز منیجرز نے کوالیفائی کیا اور اس طرح 2008ء کے شاندار آغاز کے ساتھ یہ انعامی مقابلہ زون کی اہم میٹنگ کی شکل اختیار کر گیا اس تقریب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے خصوصی طور شرکت کی اور 2007ء کی بہترین کارکردگی اور ماہ جنوری میں شاندار آغاز پر سیلز منیجرز، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کو انعامات اور خصوصی اعزازات سے نوازا۔ اسٹیج پر تشریف فرما زون کے کامیاب ترین سیلز منیجر جناب محمد شوکت جن کا تعلق ہجیرہ کے دور افتادہ علاقہ سے تھا جبکہ پہلی پوزیشن کے حامل ایریا منیجر چوہا سیدن شاہ، گل محمد اور سید اسد علی سیکٹر ہیڈ کو مہمانان خصوصی کے ساتھ جگہ دی گئی۔ جناب افتخار احمد زونل سربراہ نے 2007ء کی کارکردگی پر روشنی ڈالی اور زون کی طرف سے مجموعی طور پر ایک ارب 22 کروڑ روپے اور نئے سال کے لیے تقریباً 28 کروڑ پریمیئم جمع کرنے والے ساتھیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے 2008ء کی پلاننگ میں سیکٹر ہیڈز کے درمیان مقابلہ جات، ایریا منیجر کے لیے کروڑ پتی پلاننگ اور سیلز منیجرز کو مختلف 3 گروپوں میں تقسیم کر کے مقابلے کے رجحانات اور نئی بھرتی اور ٹریننگ پروگرام کی تفصیل بیان کی اور راولپنڈی زون کے 2008ء کے لیے کامیابیوں کی طرف بہترین آغاز اور سہ ماہی کی بنیاد پر منصوبہ بندی کا ذکر کیا۔

راجہ ظفر علی شان نے ماہ جنوری کے شاندار آغاز پر تمام کارکنان بالخصوص سیلز منیجر محمد شوکت اور ایریا منیجر گل محمد کو مبارک باد دی۔

انہوں نے راولپنڈی زون کی تاریخ رقم کرنے والے عظیم لیڈران کا خصوصی ذکر کیا کہ یہ جناب ملک حفیظ، راجہ گستاسب خان جیسے نامور لیڈران کا زون ہے جس کی ہیٹ ٹرک کے ریکارڈ ابھی تک قائم ہیں۔ لہٰذا ہمیں اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چل کر کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کرنا چاہیے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ منظور احمد نے ماہ جنوری میں راولپنڈی زون کے کارپوریشن میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر فیلڈ کارکنان کو مبارک باد دی۔

آخر میں تمام ساتھیوں کو پر تکلف لنچ پر مدعو کیا گیا اور تقریب اختتام پذیر ہوئی۔



راولپنڈی زون کی تقریب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کو اعلیٰ کارکردگی پر ہار پہنارہے ہیں

# ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ نرگس گھلو کی کروڑ پتی ایریا منیجرز کو مبارک باد

## اسلام آباد زون کے زیر اہتمام دعوت ظہرانہ کا انعقاد

اسلام آباد زون میں فیلڈ کارکنان کی بہتر کارکردگی کے لیے ہر کیڈر کے لیے مخصوص اہداف کی تکمیل پر ایک کاروباری مقابلہ کا اعلان کیا گیا تھا۔ جس کے تحت کوالیفائرز کو ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کے ساتھ ظہرانے کی دعوت کا وعدہ تھا۔ چنانچہ بہت بڑی تعداد نے کوالیفائی کیا۔ اس ضمن میں اسلام آباد کلب میں زونل سربراہ جناب اظہر حسین نے خوبصورت تقریب کا اہتمام کیا اور اس تقریب میں ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد خصوصی طور پر تشریف لائے جبکہ ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔

تلاوت کلام پاک کے بعد زونل سربراہ جناب اظہر حسین نے اس تقریب کی غرض وغایت اور فیلڈ کارکنان کی دلچسپی اور کارکردگی پر روشنی ڈالی اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کو یقین دلایا کہ اسلام آباد زون 3 کروڑ سے زائد پریمیئم حاصل کرے گا۔

ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے محترمہ نرگس گھلو کا شکریہ ادا کیا کہ ان کی خصوصی دلچسپی سے انشاء اللہ نارتھ ریجن کارپوریشن میں نمایاں پوزیشن پر نظر آئے گا۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے بہتر کارکردگی کے حامل فیلڈ کارکنان کو مبارک باد دی اور امید ظاہر کی کہ اسلام آباد زون پچھلے سال کی طرح کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کرے گا انہوں نے کروڑ پتی ایریا منیجرز اوران کی ٹیم کو مبارک باد دی۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے کروڑ پتی ایریا منیجرز اوراسلام آباد زون کے کامیاب فیلڈ کارکنان کو بہترین کارکردگی پر مبارک باد دی اور انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسلام آباد زون میں زیادہ سے زیادہ ایریا منیجرز کروڑ پتی بنیں گے اور اسلام آباد زون اور نارتھ ریجن کارپوریشن میں اہم مقام حاصل کرے گا۔ آخر میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے فیلڈ کارکنان اور ایریا منیجرز کو گولڈ میڈل اور دیگر انعامات دیئے اور فیلڈ کارکنان نے اپنے ہردلعزیز لیڈران کے ساتھ کھانا کھایا اور تقریب اختتام پذیر ہوئی۔



اسلام آباد زون کی سیلز آفیسر مدیحہ آصف کو بہترین کارکردگی پر ایگزیکٹیوڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو ہار پہنا رہی ہیں جبکہ ریجنل چیف ناردرن راجہ ظفر علی شان بھی اس موقع پر موجود ہیں




اسلام آباد زون میں تقریب کے دوران ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور فیلڈ کارکنان کو ہار پہنا رہے ہیں جبکہ ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو اور ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان بھی ساتھ کھڑے ہیں

# انعامی مقابلہ جیتنے والوں کے اعزاز میں ایک رنگارنگ تقریب

## گلگت اور اسکردو سیکٹر کے کارکنان کو خراج تحسین

اسلام آباد زون کے سربراہ اظہر حسین نے سال کی ابتدا میں منصوبہ بندی کی اور ہر ماہ مختلف طریقہ کار سے اپنے ساتھیوں کو بڑے بڑے اہداف کی تکمیل پر مائل کیا اور اس سلسلے میں بمپر انعامی مقابلہ کا اعلان کیا۔ سیکڑوں فیلڈ نمائندگان وافسران نے یہ مقابلہ جیتا اور ماہ دسمبر 2007ء میں گرینڈ انعامی مقابلہ کی تقریب مارگلہ کے خوبصورت ہال میں منعقد کی اور 300 سے زائد فیلڈ کارکنان کی شرکت سے یہ تقریب اسلام آباد زون کی تاریخی تقریب ثابت ہوئی۔ اس موقع پر ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان کو مہمان خصوصی کی حیثیت سے پرجوش طریقے سے خوش آمدید کہا گیا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد سیکٹر ہیڈز محمد جاوید اور راجہ ظفر اقبال نے اپنے اپنے سیکٹر کی کارکردگی اور دسمبر کلوزنگ کی پلاننگ پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ زونل سربراہ اظہر حسین نے فیلڈ کارکنان کی کارکردگی کی بنیاد پر مہمان خصوصی سے تعارف کرایا اور انعامات تقسیم کرائے۔ انہوں نے تمام ایریا منیجرز کی کارکردگی کی تعریف کی۔

ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے تمام انعامات حاصل کرنے والوں کو مبارک باد دی اور خصوصی طور پر عمرہ ٹکٹ حاصل کرنے والے ساتھی کو مبارک باد دی اور امید ظاہر کی کہ اسلام آباد زون کارکردگی کے لحاظ سے کارپوریشن میں نمایاں پوزیشن حاصل کرے گا۔ اس موقع پر انہوں نے گلگت اور اسکردو سیکٹرز کی کارکردگی کو سراہا اور ہر سیکٹر کو اہداف کی تکمیل اور تمام ساتھیوں کو کامیاب کرنے کی تلقین کی انہوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ ساتھیوں کی کامیابی آپ، زون اور کارپوریشن کی ترقی کی ضمانت ہے۔



جناب منظور احمد مظفر آباد کی ایریا منیجر ساجدہ مقصود کو گولڈ میڈل پہنار ہے ہیں ساتھ محترمہ نرگس گھلو بھی موجود ہیں



اسلام آباد زون میں منعقدہ تقریب سے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، ریجنل چیف ناردرن راجہ ظفر علی شان اور زونل ہیڈ جناب اظہر حسین خطاب کر رہے ہیں




بمپر پرائز ونر کو راجہ ظفر علی شان عمرہ کا ٹکٹ پیش کر رہے ہیں




فیلڈ کارکنان کی طرف سے راجہ ظفر علی شان کو خوش آمدید کہتے ہوئے پھول پیش کیے جا رہے ہیں




اسلام آباد زون میں منعقدہ تقریب ''بمپر انعامی مقابلہ'' سے ریجنل چیف ناردرن راجہ ظفر علی شان، زونل ہیڈ جناب اظہر حسین، سیکٹر ہیڈز راجہ ظفر اقبال اور نور محمد جاوید خطاب کر رہے ہیں

# ملک کی تعمیر و ترقی میں کارپوریشن کے کردار پر روشنی

## میر پور آزاد کشمیر زون میں تقریب تقسیم انعامات کا احوال

رپورٹ......راشد محمود
زونل اکاؤنٹینٹ، میر پور آزاد کشمیر




ساجد اقبال ایریا منیجر 2 کروڑ پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر کیک کاٹ رہے ہیں، تصویر میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد، ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان اور زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی نمایاں ہیں

گزشتہ دنوں میر پور (آزاد کشمیر) زون میں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو تھیں ان کے ہمراہ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان بھی شریک محفل ہوئے۔ میر پور (آزاد کشمیر) زون پہنچنے پر بلند حوصلہ اور پرعزم فیلڈ فورس نے محترمہ نرگس گھلو، جناب منظور احمد اور راجہ ظفر علی شان کا فقید المثال استقبال کیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا۔




جناب منظور احمد ساجد اقبال کو ناردرن ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں، محترمہ نرگس گھلو اور راجہ ظفر علی شان بھی نمایاں ہیں

ماہ اکتوبر 2007ء تک زونل سطح پر ہر کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کامیاب کارکنان اسٹیج کی زینت بنے۔ خاص بات یہ کہ فیلڈ ورکرز ریجن میں بھی پہلی پوزیشن کے حامل تھے۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے سیلز منیجر محمد پرویز نے ماہ اکتوبر 2007ء تک 78 لاکھ روپے کا نیا بزنس کیا۔ انہوں نے ماہ نومبر میں ایک کروڑ کا ہدف عبور کرنے کا مصمم ارادہ کیا۔
مسلسل پچھلے تین سال سے کروڑ پتی ایریا منیجر کا اعزاز حاصل کرنے والے مایہ ناز ایریا منیجر جناب ساجد اقبال کا طرہ امتیاز یہ ہے کہ انہوں نے دو کروڑ روپے کا نیا بزنس حاصل کر کے ناردرن ریجن کے لیے نئے سنگ میل کی بنیاد رکھی اور کارپوریشن میں یہ اعزاز حاصل کرنے والے دوسرے ایریا منیجر ٹھہرے۔
کوٹلی سیکٹر کے سیکٹر ہیڈ جناب قیصر نواز وینس نے اپنے سیکٹر کی کارکردگی پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ماہ اکتوبر 2007ء تک کوٹلی سیکٹر نے 104 فیصد نیا کاروبار حاصل کر کے ناردرن ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔
سیکٹر ہیڈ جہلم چوہدری محمد ارشد مظفر آباد سیکٹر سے ٹرانسفر ہو کر آئے ہیں انہوں نے اپنے سابقہ سیکٹر اور موجودہ سیکٹر کا تقابلی جائزہ پیش کیا اور اس عزم کا بھرپور اظہار کیا کہ دسمبر 2007ء تک ان کا سیکٹر زون کے تمام سیکٹرز سے آگے ہوگا۔
زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے اپنے خطاب میں محترمہ نرگس گھلو اور جناب منظور احمد کی شرکت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔
انہوں نے بتایا کہ ماہ اکتوبر 2007ء تک میر پور آزاد کشمیر زون اللہ کے فضل و کرم اور فیلڈ فورس کی شب و روز محنت کے نتیجے میں پاکستان بھر میں پرسسٹینسی اور سالانہ ہدف کو حاصل کرنے میں پہلی پوزیشن پر ہے۔
اس کے بعد حاضرین کی بھرپور تالیوں کے ساتھ ایریا منیجر جناب ساجد اقبال اور ان کی ساری ٹیم نے دو کروڑ روپے پریمیئم سال اول حاصل کرنے پر کیک کاٹا۔ محترمہ نرگس گھلو نے اپنے اعزاز میں رکھے گئے مقابلہ جات کی شیلڈز جیتنے والوں کے حوالے کیں جناب منظور احمد نے بھی اپنے نام سے منسوب شیلڈز تقسیم کیں اور دیگر تمام انعامات بھرپور داد کے ساتھ جیتنے والوں نے وصول کیے۔
ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان نے خطاب کرتے ہوئے اپنے سابقہ تمام ساتھیوں کی ہمت و

# بیمہ کارکنان کے مسائل ذاتی دلچسپی سے حل کیے جائیں گے

## ایگزیکٹیوڈائریکٹرمحترمہ نرگس گھلو کا اظہار یقین

حوصلہ کو سلام پیش کیا کہ جن کی بدولت میر پور آزاد کشمیر زون معرض وجود میں آیا۔ انہوں نے بالخصوص شیر کشمیر برائے لائف انشورنس ڈاکٹر اللہ دتہ کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے 1983ء میں بحیثیت سیلز منیجر پورے پاکستان میں چیلنج کیا اور ناقابل شکست رہے۔ انہوں نے تاکید کی کہ سینئرز اپنے جونیئرز کو ماں جیسا پیار اور شفقت دیں تو ہر ہدف حاصل کرنا کوئی مشکل نہیں ہے۔ خصوصی طور پر انہوں نے حکومت آزاد کشمیر کا شکریہ ادا کیا جس نے اسٹیٹ لائف کے کاروبار کو فروغ دینے میں ہر ممکن رہنمائی اور مدد کی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے اپنے خطاب میں زون کی کارکردگی کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ نئے کاروبار کے فروغ کے لیے انہوں نے فیلڈ فورس کو گراں قدر معلومات اور رہنما اصول بتائے۔ گریجویٹ اسکیم کے حوالے سے ممکنہ پیش رفت اور تبدیلیوں کے حوالے سے بات کی اور حاضرین کو مسلسل جدوجہد کی تلقین کی۔

اس موقع پر ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے راجہ ظفر علی شان اور چوہدری محمد یوسف فاروقی کا شکریہ ادا کیا کہ انہیں اس خوبصورت علاقے کو دیکھنے اور یہاں کے بے مثال لوگوں سے ملنے کی دعوت دی گئی۔ انہوں نے ایریا منیجر ساجد اقبال کی کارکردگی کو سراہا اور باقی ایریا منیجرز کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین کی۔ انہوں نے بتایا کہ فیلڈ فورس کے لیے ہر ممکن سہولت اور بہتری کے لیے منصوبہ بندی کی جاتی ہے اور فیلڈ فورس کے مسائل ان کے علم میں ہیں اور انہیں حل کرنے میں وہ ذاتی دلچسپی لیتی ہیں۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ خطہ آزاد کشمیر میں بیمہ زندگی کے شعبہ کی اس قدر ترقی پر انہیں بے حد خوشی ہوئی ہے یہ علاقہ پاکستان کے باقی تمام علاقوں کے لیے ایک مثال کی حیثیت رکھتا ہے۔




میر پور آزاد کشمیر زون میں منعقدہ سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر بہترین کارکردگی کے حامل فیلڈ ایگزیکٹیو کو ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو شیلڈ پیش کر رہی ہیں، اس موقع پر جناب منظور احمد، راجہ ظفر علی شان اور چوہدری محمد یوسف فاروقی نمایاں ہیں

انہوں نے زون کی اعلیٰ کارکردگی پر ریجنل چیف زونل ہیڈ، آفیسرز اسٹاف ممبرز اور بالخصوص فیلڈ فورس کو مبارک باد دی۔

تقریب کے آخر میں جناب جہاں بادشاہ خٹک منیجر ایف ایم ڈی نے اختتامی کلمات میں مہمان خصوصی محترمہ نرگس گھلو، جناب منظور احمد، راجہ ظفر علی شان اور تمام حاضرین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔




میر پور آزاد کشمیر زون میں منعقدہ سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر محترمہ نرگس گھلو، جناب منظور احمد، راجہ ظفر علی شان، جناب محمد یوسف فاروقی، چوہدری محمد ارشد، جناب قیصر نواز وینس، راجہ جہانگیر اور جناب شاہد اقبال خطاب کر رہے ہیں

## گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کی کاروباری سرگرمیاں

اسٹیٹ لائف نے 2007ء میں جہاں انفرادی بیمہ زندگی کے کاروبار میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے وہاں گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کے کاروبار میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق 2007ء میں پریمیئم آمدنی 2ارب 82 کروڑ 70 لاکھ روپے ہوئی جبکہ اس ضمن میں 154 نئے گروپس کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کیا گیا۔ گروپ کلیمز کی مد میں 2007ء میں 534 حادثاتی کلیمز موصول ہوئے جس کے تحت چار کروڑ 30 لاکھ 64 ہزار 714 روپے کی ادائیگی کی گئی جبکہ تیرا ہزار ایک سو پچاس ڈیتھ کلیمز پر 2ارب 26 کروڑ 39 لاکھ ایک ہزار 627 روپے کی رقم ادا کی گئی۔ اس طرح مجموعی طور پر دو ارب 30 کروڑ 69 لاکھ 66 ہزار 341 روپے کی ادائیگی کی گئی۔

# اعزازات کے دفاع کا مصمم ارادہ

## بہترین کارکردگی پر ریجنل چیف سینٹرل محمد اسلم صابر کا مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کو خراج تحسین

رپورٹ...... چوہدری عبدالحفیظ انجم
اسسٹنٹ منیجر، لاہور

ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب محمد اسلم صابر کی زیر صدارت گزشتہ دنوں زونل ہیڈز سینٹرل ریجن کی میٹنگ ہوئی جس میں جناب محمد اسلم صابر نے ریجن کے تمام زونل ہیڈز کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد دی اور ہار پہنائے۔ زونل سربراہ فیصل آباد جناب مقصود احمد چوہدری کو پاکستان میں بلحاظ حجم اول پوزیشن حاصل کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ زونل ہیڈ سرگودھا جناب داؤد احمد ناصر اور زونل ہیڈ سیالکوٹ جناب ممتاز اے چوہدری کو اپنے ٹارگٹ کا 100 فیصد سے زائد نیا کاروبار مکمل کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں مبارک باد پیش کی گئی۔

اس موقع پر ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب محمد اسلم صابر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ریجن کا جھنڈا اوج ثریا کے افق پر سب سے بلند نظر آ رہا ہے سینٹرل ریجن نے ایک ارب 25 کروڑ روپے سے زائد کا نیا پریمیئم حاصل کر کے ایک تاریخ رقم کی ہے اور کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور اپنے اعزاز کا کامیابی سے دفاع کیا۔ اور یہ سب آپ کی اعلیٰ قیادت اور دفتر اور فیلڈ کارکنان کی شبانہ روز کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

کارپوریشن میں سب سے بہترین کارگزاری پر تمام زونل سربراہان نے بھی جناب محمد اسلم صابر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور چیئرمین جناب کمال افسر کا شکریہ ادا کیا جن کی رہنمائی اور وسیع تجربہ کی وجہ سے سینٹرل ریجن کاروباری لحاظ سے ٹاپ پر رہا۔ آخر میں تمام زونل سربراہان نے جناب محمد اسلم صابر کے ساتھ اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہم انشاءاللہ سابقہ روایات برقرار رکھتے ہوئے اپنے تمام اعزازات کا بھرپور طریقے سے دفاع کریں گے اور کارپوریشن میں ہر لحاظ سے نمایاں پوزیشن برقرار رکھیں گے۔



ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب محمد اسلم صابر کی طرف سے زونل سربراہ لاہور زون ویسٹرن جناب سلطان اے شیخ، زونل سربراہ گوجرانوالہ جناب اذکار خان اور زونل سربراہ لاہور سینٹرل زون شیخ زاہد امام مَ پرجوش شاباش



زونل سربراہ سیالکوٹ جناب ممتاز اے چوہدری اور زونل سربراہ سرگودھا جناب داؤد اے ناصر کو نئے کاروبار کی مد میں 100 فیصد سے زائد ٹارگٹ مکمل کرنے پر پھولوں کے ہار



زونل ہیڈ فیصل آباد جناب مقصود احمد چوہدری کو پاکستان میں بلحاظ حجم سب سے زیادہ پریمیئم سال اول حاصل کرنے پر اسلم صابر کے توصیفی کلمات